بینک دولت پاکستان

شعبۂ نظامِ ادائیگی

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

پی ایس ڈی سرکلر لیٹر نمبر 02 برائے 2018ء — 22 اکتوبر 2018ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام بینک / مائکرو فنانس بینک / برانچ لیس بینک،

منظور شدہ پی ایس او / پی ایس پی،

محترم / محترمہ،

کریڈٹ کارڈ بل کی ادائیگی کی سہولتیں

براہِ کرم "پاکستان میں کریڈٹ کارڈ بزنس کے لیے آپریشنل رہنما ہدایات" سے متعلق پی ایس ڈی سرکلر نمبر 01 برائے 2009ء ملاحظہ کریں۔

2۔ مشاہدے میں آیا ہے کہ کریڈٹ کارڈ جاری کرنے والے بیشتر بینک متبادل ڈیلیوری چینلز (اے ڈی سی) بشمول انٹرنیٹ بینکاری، موبائل بینکاری، اے ٹی ایم اور برانچ لیس بینکاری / ریٹیل ایجنٹوں کے ذریعے آنے والے کریڈٹ کارڈ بل، خصوصاً جاری کنندہ بینک کے سوا بینکوں / مائکرو فنانس بینکوں کے صارفین سے بل وصول نہیں کر رہے۔

3۔ اس تناظر میں بینکوں / مائکرو فنانس بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کریڈٹ کارڈ کے تمام صارفین کو 'بل پیمنٹ سروسز' (بی پی ایس) استعمال کرتے ہوئے اپنا کریڈٹ کارڈ بل ادا کرنے کے متبادل ذرائع مہیا کریں، جس کے تحت کریڈٹ کارڈ کے صارفین اپنے کریڈٹ کارڈ بل متبادل ڈیلیوری چینلز (انٹرنیٹ بینکاری، موبائل بینکاری، اے ٹی ایم وغیرہ)، برانچ لیس بینکاری ایجنٹوں اور کسی بھی بینک / مائکرو فنانس بینک کی برانچ کے ذریعے ادا کر سکیں۔

4۔ بینکوں / مائکرو فنانس بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 31 مارچ 2019ء تک مطلوبہ تبدیلیاں لا کر اپنے سسٹمز کی تشکیلِ نو کریں۔ کریڈٹ کارڈ جاری کرنے والے تمام بینکوں کو اپنے پراجیکٹ پلان 30 نومبر 2018ء تک شعبہ نظامِ ادائیگی کے پاس جمع کرانے چاہئیں۔

5۔ بینکوں / مائکرو فنانس بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا ہدایات کی مکمل تعمیل مقررہ مہلت کے اندر یقینی بنائیں، جس میں ناکامی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

6۔ کسی بھی وضاحت کے لیے براہِ مہربانی جناب علی ثاقب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، شعبہ نظامِ ادائیگی سے ای میل: ali.saqib@sbp.org.pk، فون: 021-3245-3447 اور جناب عمران ملک، جوائنٹ ڈائریکٹر، شعبہ نظامِ ادائیگی سے ای میل: imran.malik@sbp.org.pk پر رابطہ کریں۔

براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

آپ کا مخلص

(سید سہیل جواد)

ڈائریکٹر